مطبوعات

الدعوات الماثورات مرتبہ : جناب عبید الحق صاحب ندوی ۔

صفحات : ۱۸۰ ۔ کتابت وطباعت عمدہ

کاغذ سفید ۔ قیمت : ندارد

ناشر : المکتبۃ العلمیہ ۔ لاہور ۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کی غرض تخلیق اپنی عبادت قرار دیا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دُعا کو عبادت کی اصل روح قرار دیا ہے ۔ فی الواقع انسان جب مصائب میں مبتلا ہوتا ہے اور اپنے آپ کو بے یار و مددگار تصور کر کے بارگاہِ ایزدی میں عجز و انکسار سے اپنی حاجت برآری کے لیے ہاتھ اُٹھاتا ہے تو اُس کے اندر اپنے بندہ ہونے اور اللہ تعالیٰ کے مالک و آقا ہونے کا احساس شدید ہو جاتا ہے ۔ یہی احساس بندگی اور اظہار بے چارگی عبادت کی اصل روح ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو انسانی زندگی کے ایک ایک لمحہ کے لیے بڑی جامع اور پُرتاثیر دُعاؤں کی تعلیم دی ہے ۔

جناب عبید الحق صاحب ندوی نے بڑی کاوش اور حسنِ انتخاب کے ذریعہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بتائی ہوئی دعاؤں کا ایک حسین مرقع الدعوات الماثورات کی شکل میں پیش کیا ہے ۔ یوں تو بازار میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں کے مجموعے عام دستیاب ہیں لیکن الدعوات الماثورات کے نام سے ندوی صاحب نے جو مجموعہ تیار کیا ہے اس کی ایک امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ ہر دُعا کا اُردو ترجمہ اس طرح کیا ہے کہ پہلی سطر میں تحت اللفظ ترجمہ ہے اور دوسری سطر میں رواں ترجمہ ہے اس طرح عربی زبان سے مناسبت پیدا کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اس کے علاوہ کتاب کے آغاز میں دُعا کی فضیلت اور اُس کی حقیقت ، قبولیتِ دُعا کے اوقات اور دُعا کے آداب کے بارے میں

مستند احادیث بھی درج کر دی گئی ہیں۔

طباعت بڑی جلی اور روشن ہے۔ سرورق سادہ لیکن جاذبِ نظر ہے۔ قیمت اور سنِ طباعت درج نہیں۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ دعاؤں کا یہ مرقع محض حصولِ ثواب کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

کتاب الحج و کتاب اللقیط (اُردو)

ترجمہ: پروفیسر غازی احمد صاحب

صفحات، کتاب الحج: ۳۱۱ — قیمت: -/۱۲ روپے

صفحات، کتاب اللقیط: ۱۱۶ — قیمت: ۵/۵۰ روپے

ناشر: المکتبۃ العلمیہ۔ لاہور۔

ہدایہ فقہ حنفی کی ایک مشہور و معروف اور بنیادی کتاب ہے۔ عربی مدارس میں اسے اہتمام کے ساتھ پڑھایا جاتا ہے اور علم فقہ کا کوئی طالب علم اس سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ اصل کتاب عربی میں ہونے کی وجہ سے اس سے صرف اہل علم اور عربی جاننے والے اصحاب ہی استفادہ کر سکتے تھے۔ یہ فقہی خزینہ اُردو جاننے والے تشنگانِ علم کی دسترس سے باہر تھا۔ کچھ عرصہ سے جناب عبید الحق صاحب ندوی نے جو مکتبہ علمیہ کے مالک ہیں اور خود بہت بڑی علمی شخصیت بھی ہیں، ہدایہ کا اُردو ترجمہ شائع کرنے کا اہتمام کیا ہے۔ اس سے قبل کتاب الصلوٰۃ، کتاب الصوم، کتاب الزکوٰۃ، کتاب النکاح، کتاب الطلاق کا ترجمہ چھپ چکا ہے اور اہلِ علم سے دادِ تحسین حاصل کر چکا ہے۔ اب کتاب الحج اور کتاب اللقیط کا ترجمہ شائع ہوا ہے۔ ترجمہ نہایت سلیس اور رواں ہے۔ عمدہ سفید کاغذ پر عربی ٹائپ میں چھپا ہے۔ اُمید ہے کہ اصحابِ ذوق اس سے پورا پورا فائدہ اُٹھائیں گے۔ اسلامیات کے طلبہ کے لیے خاص طور پر نہایت ہی کار آمد کتابیں ہیں۔ عام سکولوں کالجوں اور دفتروں کی لائبریریوں میں ان کا ایک ایک نسخہ ضرور ہونا چاہیے۔